ٹیلیفون نمبر ۹۱
رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ — عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

تار کا پتہ الفضل قادیان

اللہ اکبر

روزنامہ الفضل قادیان

The DAILY ALFAZL QADIAN.

ایڈیٹر:- غلام نبی

قیمت ۱ ایک آنہ

قیمت سالانہ پیشگی ہندوستان

قیمت سالانہ پیشگی بیرون ہند

جلد ۲۵	۱۷- ربیع الاول سنہ ۱۳۵۶ھ	یوم شنبہ	مطابق ۲۹ مئی سنہ ۱۹۳۷ء	نمبر ۱۲۳

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۷- مئی - الحمد للہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز آج سفر سندھ سے رات کے ۱۲½ بجے بخیر و عافیت تشریف لے آئے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے حضور کی صحت اچھی ہے۔ حضور نے آج جمعرات کا روزہ جو بغیر سحری تناول فرمائے رکھا ہوا تھا۔ لاہور میں افطار فرمایا۔ اور ساڑھے آٹھ بجے لاہور سے قادیان کے لئے روانہ ہو گئے۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔

ابو العطاء مولوی اللہ دتا صاحب جالندھری جھنگ سے واپس آ گئے ہیں۔

مولوی عبد الرحیم صاحب درد ایم اے مبلغ انگلستان کی چھوٹی ہمشیرہ بہت دنوں سے درد نقرس کی وجہ سے بیمار ہے۔ دعائے صحت کی جائے۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

ارحم الراحمین کی بارگاہ میں عاجزانہ دعا

سنہ ۱۳۰۲ھ میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت صوفی منشی احمد جان صاحب لدھیانوی مرحوم و مغفور کو جبکہ وہ حج کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ حسب ذیل دعا بذریعہ خط لکھی۔ اور تاکید کی۔ کہ انہی الفاظ میں بلا تغیر و تبدل وہ آپ کی طرف سے بیت اللہ میں یہ دعا مانگیں:-

"اے ارحم الراحمین! ایک تیرا بندہ عاجز اور ناکارہ پُر خطا۔ اور نالائق غلام احمد جو تیری زمین ملک ہند میں ہے۔ اس کی یہ عرض ہے۔ کہ اے ارحم الراحمین تو مجھ سے راضی ہو۔ اور میرے خطیات اور گناہوں کو بخش۔ کہ تو غفور اور رحیم ہے۔ اور مجھ سے وہ کام کرا جس سے تو بہت ہی راضی ہو جائے۔ مجھ میں اور میرے نفس میں مشرق اور مغرب کی دوری ڈال۔ اور میری زندگی اور میری موت اور میری ہر ایک قوت اور جو مجھے حاصل ہے۔ اپنی ہی راہ میں کر اور اپنی ہی محبت میں مجھے زندہ رکھ۔ اور اپنی ہی محبت میں مجھے مار۔ اور اپنے ہی کامل محبین میں مجھے اٹھا۔ اے ارحم الراحمین! جس کام کی اشاعت کے لئے تو نے مجھے مامور کیا ہے۔ اور جس خدمت کے لئے تو نے میرے دل میں جوش ڈالا ہے۔ اس کو اپنے ہی فضل سے انجام تک پہنچا۔ اور عاجز کے ہاتھ سے حجت اسلام مخالفین پر اور ان سب پر جو اسلام کی خوبیوں سے بے خبر ہیں۔ پوری کر۔ اور اس عاجز اور اس کے محبوں اور مخلصوں اور ہم مشربوں کو مغفرت اور مہربانی

اگر آپ چھوٹی قربانیاں کرینگے تو اللہ تعالےٰ

بڑی قربانیوں کی توفیق عطا فرمائیگا

سیدنا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشاد نے کہ تحریک جدید کا روپیہ ختم ہو رہا ہے۔ اور کام کے رکنے کا احتمال ہے " بہت سے وعدہ کرنے والے مخلصین کو تڑپا دیا۔ اور وہ بے تاب ہو گئے۔ کہ اپنے وعدوں کو حتی الوسع جلد پورا کریں۔ چنانچہ بہت سے اصحاب نے اپنے وعدوں کو پورا کیا۔ اور کر رہے ہیں۔

۱۔ ضلع گجرات سے ایک مخلص دوست نے جن کا وعدہ پہلے سال معہ اہلیہ ۱۱۵ روپیہ اور دوسرے سال کا ۱۲۵ روپے اور تیسرے سال کا ۱۳۰ روپیہ ہے لکھتے ہیں۔ کہ میرے دل میں شدید تڑپ اور خواہش تھی۔ کہ اللہ تعالےٰ کا یہ قرض جو بصورت تحریک جدید اپنے ذمہ اپنی مرضی اور خوشی سے لیا ہے جلد سے جلد پورا ہو جائے۔ مگر بظاہر کوئی سامان نہ تھا۔ مگر اللہ تعالےٰ کا شکر ہے کہ میری اہلیہ نے اپنا زیور فروخت کرنے کے لئے دیدیا۔ جو فروخت کر دیا گیا ہے۔ اور عنقریب رقم ارسال کر دی جائے گی۔

یہ اخلاص کی بہترین مثال ہے۔ اللہ تعالےٰ ان کے اور ان کی اہلیہ صاحبہ کے اس ایثار اور قربانی کو قبول فرمائے۔

۲۔ قادیان محلہ دارالرحمت کے بابو نور احمد صاحب چغطہ نے دوسرے سال کا بقایا بجائے ۱۲ روپے ۱۵ روپے اس لئے ادا کیا کہ دیر سے ادا کرنے کی تلافی ہو جائے۔ اور ۳۵ روپے تیسرے سال کے ادا کئے۔

دوسرے سال کے بقایا داروں اور تیسرے سال کا وعدہ کرنے والوں کو حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا یہ ارشاد پیش نظر رکھنا چاہئیے کہ " ہر قربانی دوسری قربانی کے لئے زینہ کے طور پر ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص ایک زینہ پر قدم نہیں رکھتا۔ تو اس سے یہ امید نہیں کی جا سکتی۔ کہ وہ دوسرے زینہ پر چڑھ سکے۔ اسی طرح اگر کسی شخص نے ان مطالبات کے پورا کرنے میں حصہ نہ لیا۔ تو اس سے یہ کس طرح امید کی جا سکتی ہے۔ کہ وہ اگلی سکیموں پر عمل کرنے کے لئے طیار ہو جائینگے۔ کسی کو کیا پتہ کہ اگلی سکیم کیسی ہو اور اس کے لئے کتنی بڑی قربانیوں اور ایثار کی ضرورت ہو۔ لیکن اگر آپ یہ چھوٹی چھوٹی قربانیاں کرینگے تو آپ کو اللہ تعالےٰ ان سے بڑی بڑی قربانیوں کی توفیق عطا فرمائے گا۔"

پس احباب کو تیسرے سال کا چندہ اور دوسرے سال کا بقایا فوری طور پر ادا کرنا چاہئیے۔

فنانشل سیکرٹری تحریک جدید قادیان

مولوی محمد صدیق صاحب بمبئی سے روانہ ہوگئے

بمبئی۔ ۲۷ رمئی۔ مولوی محمد صدیق صاحب آج فلسطین کیلئے جہاز پر سوار ہو گئے۔ یہ نوجوان حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کے ماتحت کہ احمدی نوجوان بیرونی ممالک میں جا کر اپنے لئے خود ذریعہ معاش پیدا کریں۔ اور ساتھ ہی تبلیغ احمدیت کرتے رہیں۔ فلسطین جا رہے ہیں۔ احباب دعا فرمائیں۔ کہ خدا تعالےٰ ان کا حامی و ناصر ہو اور انہیں کامیابی عطا کرے۔

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

۲۵ رمئی ۱۹۳۷ء تک بیعت کرنیوالوں کے نام

بیرون ہند کے مندرجہ ذیل اصحاب بذریعہ خطوط حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخل احمدیت ہوئے ؛

Digitized by Khilafat Library Rabwah

119	Maryama	Gold Coast
120	Adjua Bie	" "
121	M. Muhammad Rwa	" "
122	Quansah Araba Attah	Kumasi
123	Mr. Kojo Supon	Gold Coast.
124	Yaa Bosno	Kumasi
125	Yaa Anani	"
126	Akosua Kyirewo	"
127	Mr. Abu Bekr	Salt Pond
128	" Mahama	Gold Coast
129	" Muhammad	" "
130	" Ibrahima Lakka	" "
131	" Alhasan Chokosi	" "
132	Ayesha	" "
133	Mr. Abdullah Rajo	" "
134	" George Amoarto	Salt Pond.
135	Saeeda	"
136	Salamat	"
137	Mr. Bakar	"
138	" J. B. Baiden	"
139	Ayesha Pagsama	"
140	Mr. John Yebuab	"
141	Sleema Isi Mansah	"
142	Mr. Suleman	"
143	" Adam Rofi	"
144	Ileawa Ercenta Munko	
145	Rawa Adjua Mua	"
146	Fatma Efi Lawia	"
147	Mr. Rahmat Efua	"
148	" Musa Kwesi	"
149	Amina Adjua	"
150	Mr. Rabeeb Kwamin	"
151	" Yakub Kobina	"

(باقی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah
291

الفضل
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
قادیان دارالامان مورخہ ۱۷ ربیع الاول ۱۳۵۶ھ

تحریک جدید کے متعلق حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کے مطالبات

مخلصین جماعت احمدیہ سے

۱۹۳۴ء کے اواخر میں جماعت احمدیہ کے خلاف احرار کی شکل میں جو طوفانِ مخالفت اٹھا۔ اور جس میں بہت سی طاقتیں متحد ہو گئی تھیں۔ اگرچہ اپنی شدت میں بہت بڑھا ہوا تھا۔ اور اس کی مثال احمدیت کی گذشتہ تاریخ میں نہیں مل سکتی۔ لیکن خدا تعالیٰ کے فضل سے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس کا مقابلہ کرنے کے لئے ایسی اعلیٰ تجاویز فرمائیں۔ کہ اسے بہت بُری طرح ناکام رہنا پڑا۔ ایسا ناکام جس کا اعتراف دوست چھوڑ دشمن بھی کر رہے ہیں۔ ان تجاویز کو از سرِ نو احبابِ جماعت کے ذہن نشین کرنے اور ان پر پہلے سے بھی زیادہ سرگرمی کے ساتھ عمل کرنے کی طرف توجہ دلانے کے لئے چونکہ ۳۰ مئی کو خاص جلسے منعقد کئے جا رہے ہیں۔ اس لئے ذیل میں ان تجاویز کو جو مطالبات کا رنگ رکھتی ہیں اور جن کا پورا کرنا ہر احمدی کا فرض ہے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کے الفاظ میں ہی پیش کیا جاتا ہے۔ تا کہ منعقد ہونے والے جلسوں میں ان کے متعلق تقریریں کرنے والے اصحاب زیادہ عمدگی سے ان پر روشنی ڈال سکیں۔

سب سے اہم بات

سب سے اول حضور نے ہر قسم کی قربانی کرنے کے لئے ماحول پیدا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ اور اب بھی اس طرف توجہ دلانے کی کافی ضرورت ہے۔ حضور نے فرمایا:۔

"کوئی قربانی کام نہیں دے سکتی جب تک اس کے لئے ماحول پیدا نہ کیا جائے۔ یہ کہنا آسان ہے۔ کہ ہمارا مال سلسلہ کا ہے۔ مگر جب ہر شخص کو کچھ روپیہ کھانے پر اور کچھ لباس پر اور کچھ مکان کی حفاظت یا کرایہ پر کچھ علاج پر خرچ کرنا پڑتا ہے۔ اور پھر اس کے پاس کچھ نہیں بچتا۔ تو اس صورت میں اس کا یہ کہنا کیا معنے رکھتا ہے۔ کہ میرا سب مال حاضر ہے۔ اس قسم کی قربانی نہ قربانی پیش کرنے والے کو کوئی نفع دے سکتی ہے۔ اور نہ سلسلہ کو ہی اس سے فائدہ پہونچ سکتا ہے۔ سلسلہ اس کے ان الفاظ کو کہ میرا سب مال حاضر ہے۔ کیا کرے۔ جبکہ سارے مال کے معنے صفر کے ہیں جس شخص کی آمد سو روپیہ اور خرچ بھی سو روپیہ ہے۔ وہ اس قربانی سے سلسلہ کو کوئی نفع نہیں پہونچا سکتا۔ جب تک کہ پہلے خرچ کو سَو سے نوّے پر نہیں لے آتا۔ تب بے شک اس کی قربانی کے معنے دس فیصدی قربانی کے ہوں گے۔ اس قسم کے دعوے کرنا صرف یہ ثابت کرتا ہے۔ کہ کہنے والا بے سوچے سمجھے بات کرنے کا عادی ہے۔ وہ پیش تو سب مال کرتا ہے۔ لیکن یہ غور نہیں کرتا۔ کہ اس کے پاس تو مال ہے ہی نہیں، ایک شخص کی اگر ایک پیسہ کی بھی جائداد نہ ہو۔ اور وہ یہ کہے۔ کہ میری ساری جائداد حاضر ہے۔ تو اس سے اسلام کو کیا فائدہ پہونچ سکتا ہے۔ بعض لوگ غلطی سے ایسی بات پیش تو کر دیتے ہیں۔ مگر یہ نہیں سوچتے۔ کہ وہ کس حد تک قربانی کر سکتے ہیں۔ پس دیکھنے والی بات یہی ہے۔ کہ قربانی کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنے والے کس حد تک قربانی کر سکتے ہیں۔ یا کس حد تک اپنے حالات میں تبدیلی کر سکتے ہیں"۔

۱- اخراجات میں کمی کیجائے

یہ صورتِ حالات پیدا کرنے کے لئے حضور نے آٹھ باتیں ارشاد فرمائیں

۱- کھانے میں ایک سالن استعمال کیا جائے

۲- سادہ لباس پہنا جائے۔

۳- عورتیں صرف ضرورت کا کپڑا خریدیں زائد از ضرورت نہ خریدا جائے۔

۴- گوٹہ کناری فیتہ عورتیں قطعاً نہ خریدیں

۵- نہ نیا زیور بنوایا جائے۔ نہ پرانا زیور تڑوا کر نیا بنایا جائے۔

۶- سینما اور تماشے میں کوئی احمدی نہ جائے۔ ہر قسم کا تماشا دیکھنا۔ یا کسی کو دکھانا ناجائز ہے۔

۷- شادی بیاہ میں زیور اور کپڑے کے اخراجات کم کئے جائیں۔

۸- آرائش و زیبائش پر خواہ مخواہ روپیہ ضائع نہ کریں۔

۲- امانت فنڈ

اس کے متعلق فرمایا:۔

"جماعت کے مخلص افراد کی ایک جماعت ایسی نکلے۔ جو اپنی آمد کا ۱/۵ سے ۱/۳ حصہ تک سلسلہ کے مفاد کے لئے تین سال تک بیت المال میں جمع کرائے۔ اس کی صورت یہ ہو۔ کہ جس قدر وہ مختلف چندوں میں دیتے ہیں یا دوسرے ثواب کے کاموں پر خرچ کرتے ہیں۔ یا دارالانوار کمیٹی کا حصہ یا حصے انہوں نے لئے ہوئے ہیں۔ (اخبارات وغیرہ کی قیمتوں کے علاوہ) وہ سب رقم اس حصہ میں سے کاٹ لیں۔ اور باقی رقم اس تحریک کی امانت میں صدر انجمن احمدیہ کے پاس جمع کرا دیں۔

مثلاً ایک شخص کی پانچسو روپے آمد ہے۔ اور وہ موصی بھی ہے۔ اور دارالانوار کا ایک حصہ بھی اس نے لیا ہوا ہے۔ وہ دس بارہ روپیہ ماہوار اور ثواب کے کاموں میں بھی خرچ کرتا ہے۔ اس شخص نے ۱/۵ دینے کا عہد کر لیا۔ اور یہ سو روپے کی رقم ہوئی۔ وصیت ایسے شخص کی پچاس ہوئی۔ دارالانوار کمیٹی کے پچیس ۲۵ ہوئے۔ چندہ کشمیر۔ اور دوسرے کارہائے ثواب۔ مثلاً بارہ روپے ہوئے۔ یہ کل رقم ستاسی ہوئی۔ باقی تیرہ روپے ماہوار اس شخص کو انجمن میں اس تحریک کی امانت میں جمع کراتے رہنے چاہئیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور اگر ⅟۲ کا عہد کیا۔ تو ۱۳+۲۵ - اڑتیس روپے جمع کراتے رہنا چاہیئے۔ عہد کرنے والے شخصوں کو تین سال تک متواتر ایسا کرنا ہوگا؛

۳۔ دنیا میں پھیل جاؤ

اس بارے میں فرمایا:۔

"قوم کو مصیبت کے وقت پھیلنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالےٰ مسلمانوں کو کہتا ہے۔ کہ مکہ میں اگر تمہارے خلاف جوش ہے۔ تو کیوں باہر نکل کر دوسرے ملکوں میں نہیں پھیل جاتے۔ اگر باہر نکلو گے تو اللہ تعالےٰ تمہاری ترقی کے بہت سے راستے کھول دے گا۔ اس وقت ہم دیکھتے ہیں۔ کہ حکومت میں بھی ایک حصہ ایسا ہے۔ جو ہمیں کچلنا چاہتا ہے۔ اور رعایا میں بھی۔ ہمیں کیا معلوم ہے۔ کہ ہماری مدنی زندگی کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے۔ قادیان بے شک ہمارا مذہبی مرکز ہے۔ مگر ہمیں کیا معلوم کہ ہماری شوکت وطاقت کا مرکز کہاں ہے۔ یہ ہندوستان کے کسی اور شہر میں بھی ہو سکتا ہے۔ اور چین۔ جاپان۔ فلپائن۔ سماٹرا۔ جاوا۔ روس۔ امریکہ۔ غرضیکہ دنیا کے کسی ملک میں ہو سکتا ہے۔ اس لئے جب ہمیں یہ معلوم ہو۔ کہ لوگ بلاوجہ جماعت کو ذلیل کرنا چاہتے ہیں۔ کچلنا چاہتے ہیں۔ تو ہمارا ضروری فرض ہو جاتا ہے کہ باہر جائیں اور تلاش کریں کہ ہماری مدنی زندگی کہاں سے شروع ہوتی ہے ہمیں کیا معلوم ہے کہ کونسی جگہ کے لوگ ایسے ہیں۔ کہ وہ فوراً احمدیت کو قبول کر لیں گے۔ اور ہمیں کیا معلوم ہے۔ کہ جماعت کو ایسی طاقت کہاں سے حاصل ہو جائے گی۔ کہ اس کے بعد دشمن شرارت نہ کر سکے گا۔ مجھے شروع خلافت سے یہ خیال تھا۔ اور اسی خیال کے ماتحت میں نے باہر مشن قائم کئے تھے۔ بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں۔ کہ بیرونی مشنوں پر روپیہ خرچ کرنا بے وقوفی ہے۔ مگر میں جانتا ہوں۔ کہ یہ خیال صرف اسی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ کہ ایسے لوگوں نے سلسلہ کی اہمیت کو نہیں سمجھا اور اسے ایک انجمن خیال کر لیا ہے۔ مذہبی سلسلے ضرور ایک وقت دنیا کے توپ خانوں کی زد میں آتے ہیں۔ اور وہ کبھی ظلم وستم کی تلوار کے سایہ کے بغیر ترقی ہی نہیں کر سکتے۔ پس ان کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ کہ مختلف ممالک میں ان کی شاخیں ہوں۔ تاکہ ایک جگہ وہ ظلم وستم کا تختہ مشق ہوں۔ تو دوسری جگہ پر ان کی امن کے ساتھ ترقی ہو رہی ہو۔ اور تاکہ ان کا مذہبی لٹریچر دشمن کی دستبرد سے محفوظ رہے۔ جو شخص بھی اس سلسلہ کو ایک آسمانی تحریک سمجھتا ہے۔ اسے اس امر کے لئے تیار ہونا پڑے گا۔ اور جو اس نکتہ کو نہیں سمجھتا وہ حقیقت میں اس سلسلہ کو بالکل نہیں سمجھتا غرض سلسلہ احمدیہ کسی جگہ بھی اپنے آپکو محفوظ نہیں سمجھ سکتا۔ اس لئے جب تک ہم سارے ممالک میں اپنے لئے جگہ تلاش نہ کریں ہم کامیاب نہیں ہو سکتے ہماری مثال فقیر کی طرح ہے۔ جو سب دروازے کھٹکھٹاتا ہے۔ ہمارا فرض ہے۔ کہ دنیا میں نئے نئے رستے تلاش کریں۔ اور نئے نئے ممالک میں جاکر تبلیغ کریں ہمیں کیا معلوم ہے کہ کہاں لوگ جوق در جوق داخل ہوں گے۔ چونکہ ہمارا پہلا تجربہ بتاتا ہے۔ کہ باقاعدہ مشن کھولنا مہنگی چیز ہے۔ اس لئے پرانے اصول پر نئے مشن نہیں کھولے جا سکتے۔ اس لئے میری تجویز ہے۔ کہ دو دو آدمی تین نئے ممالک میں بھیجے جائیں۔ ان میں سے ایک ایک انگریزی دان ہو۔ اور ایک ایک عربی دان۔ سب سے پہلے تو ایسے لوگ تلاش کئے جائیں۔ کہ جو سب یا کچھ حصہ خرچ کا دے کر حسب ہدایت جاکر کام کریں۔ مثلاً صرف کرایہ لے لیں۔ آگے خرچ نہ مانگیں یا کرایہ خود ادا کر دیں"۔

۴۔ ہر احمدی تبلیغ کے لئے وقت وقف کرے

فرمایا "ہم اگر ایک طرف توجہ کرتے ہیں تو دوسری جہت خالی رہ جاتی ہے۔ اور اگر دوسری جہت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ تو پہلی خالی ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت میں ضروری ہے۔ کہ تبلیغی کوششوں کی کوئی اور راہ بھی ہو۔ یعنی ایسی ریزرو فورس ہو۔ کہ ضرورت پڑنے پر اس سے کام لے سکیں۔ اور مبلغین کے کام کے علاوہ اس کے ذریعہ اپنی ضرورتیں پوری کریں۔ اگر چار سو ایسے احباب اپنے آپ کو پیش کریں۔ تو ایک سو مبلغ سال بھر کام کرنے والے اور اگر دو سو پیش کریں۔ تو پچاس مبلغ ایک وقت میں سال بھر کام کر سکتے ہیں۔ اور اس طرح تبلیغ کے لئے اچھی خاصی طاقت حاصل ہو سکتی ہے"۔

۵ نوجوان زندگی وقف کریں

فرمایا" ایسے نوجوان اپنے آپکو پیش کریں۔ جو تین سال کے لئے اپنی زندگیاں وقف کریں"۔

۶ معزز اصحاب سے مطالبہ

فرمایا:۔ "اپنے عہدہ یا کسی علم وغیرہ کے لحاظ سے جو لوگ کوئی پوزیشن رکھتے ہوں۔ یعنی ڈاکٹر ہوں وکلاء ہوں۔ یا اور ایسے معزز کاموں یا ملازمتوں پر ہوں۔ جن کو لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایسے لوگ اپنے آپ کو پیش کریں تاکہ مختلف مقامات کے جلسوں میں مبلغوں کے سوا ان کو بھیجا جائے"۔

۷۔ ریزرو فنڈ

فرمایا "۲۵ لاکھ سے ریزرو فنڈ قائم کیا جائے اور اس طرح آمد کی ایسی صورت پیدا کی جائے۔ کہ اس کے ساتھ ہنگامی کام لئے جا سکیں"۔

۸۔ پنشنر خدمت دین کریں

فرمایا:۔ "وہ بیسیوں آدمی جو پنشن لیتے ہیں۔ اور گھروں میں بیٹھے ہیں خدا نے ان کو موقعہ دیا ہے۔ کہ چھوٹی سرکار سے پنشن لیں اور بڑی سرکار کا کام کریں یعنی دین کی خدمت کریں۔ اس سے اچھی بات ان کے لئے اور کیا ہو سکتی ہے۔ بیسیوں ایسے لوگ ہیں جو پنشن لیتے ہیں۔ اور جنہیں اپنے گھروں میں کوئی کام نہیں ہے۔ میں ان سے کہتا ہوں۔ کہ خدمت دین کے لئے اپنے آپکو وقف کریں"۔

۹۔ بچوں کو تعلیم کے لئے قادیان بھیجیں

فرمایا" باہر کے دوست اپنے بچوں کو قادیان کے ہائی سکول یا مدرسہ احمدیہ میں سے جس میں چاہیں تعلیم کے لئے بھیجیں"۔

۱۰۔ مرکز سے تعلیمی مشورہ لیا جائے

فرمایا "صاحب حیثیت لوگ جو اپنے بچوں کو اعلےٰ تعلیم دلانا چاہتے ہیں۔ ان سے میں کہوں گا۔ کہ بجائے اس کے کہ بچوں کے منشاء اور خواہش کے مطابق ان کے متعلق فیصلہ کریں۔ یا خود اپنے دوستوں کے مشورہ سے فیصلہ کریں۔ بہتر ہے اپنے لڑکوں کے مستقبل کو سلسلہ کے پیش کر دیں

۱۱۔ بیکار نوجوان کیا کریں

فرمایا:۔ "وہ نوجوان جو گھروں میں بیکار بیٹھے روٹیاں توڑتے ہیں۔ اور ماں باپ کو مقروض بنا رہے ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ اپنے وطن چھوڑیں اور نکل جائیں۔ جہاں تک دوسرے ممالک کا تعلق ہے۔ اگر وہ اپنے لئے صحیح انتخاب کریں تو ۹۹ فیصدی کامیابی کی امید ہے کوئی امریکہ چلا جائے کوئی جرمنی چلا جائے کوئی فرانس چلا جائے۔ کوئی انگلستان چلا جائے کوئی اٹلی چلا جائے۔ کوئی افریقہ چلا جائے۔ غرض کہیں نہ کہیں چلا جائے اور وہاں جاکر قسمت آزمائی کرے"۔

۱۲۔ اپنے ہاتھ سے کام کریں

فرمایا:۔ "جماعت کے دوست اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں"

۱۳۔ کوئی بیکار نہ رہے

فرمایا:۔ "کوئی احمدی نکما نہ رہے۔ اسے ضرور کوئی نہ کوئی کام کرنا چاہیئے"

۱۴۔ قادیان میں مکان بنانا

فرمایا:۔ "دوست قادیان میں مکان بنانے کی کوشش کریں"۔

۱۵۔ دعائیں کی جائیں

۱۶۔ وعدے پورے کئے جائیں

فرمایا"چندہ تحریک جدید کے متعلق احباب نے جو وعدے کئے ہیں انہیں پورا کیا جائے"؛

یہ ہے تحریک جدید کے اہم مطالبات کا خلاصہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کے ہی الفاظ میں۔ اور احباب کو معلوم ہے کہ یہ تحریک جدید کا تیسرا اور اس کے پہلے دور کا آخری سال ہے۔ اس لئے ضروری ہے۔ کہ احباب کرام نے گزشتہ دو سال میں ان مطالبات کو پورا کرنے کی جو شاندار مثال قائم کی ہے۔ اسے اس سال انتہائی درجہ تک لے جائیں خاص کر مالی قربانی پر خاص

292

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سجدۂ دُعا

ہر آں کارے کہ گردد از دُعائے محوِ جانانے
نہ شمشیرے کند آں کار نے بادے نہ بارانے
عجب دارد اثر دستے کہ دستِ عاشقش باشد
بگرداند جہانے را ز بہرِ کارگر یانے
اگر جُنبد لبِ مردے ز بہرِ آنکہ سرگرداں
خُدا از آسماں پیدا کُند ہر نوعِ سامانے
(المسیح الموعُود)

(۲)

ایک گزشتہ پرچہ میں قرآن کریم اور احادیث سے دُعاؤں کی اہمیت واضح کرتے ہُوئے بعض وُہ آداب بیان کئے گئے تھے۔ جن کو دعا کرتے وقت مدِ نظر رکھنا ہر مومن کے لئے ضروری ہے۔ اور جنہیں ملحوظ رکھے بغیر بہت سے انسان یا تو اللہ تعالےٰ کی رحمت سے مایوس ہوجاتے ہیں۔ یا اُن کی دعائیں اس کثرت سے بارگاہِ ایزدی میں قبول نہیں ہوتیں۔ جس کثرت کے ساتھ ایک مومن کامل کی دُعاؤں کو شرفِ قبولیت حاصل ہونا چاہیئے۔ اسی سلسلہ میں بعض اور آداب بھی بیان کئے جاتے ہیں:۔

آداب دُعا

حدیثوں میں آتا ہے۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی شخص اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے۔ تو یہ نہ کہے۔ کہ اللّٰھم اغفر لی ان شئت ارحمنی ان شئت۔ کہ اے میرے خدا میرے گناہ بخش۔ اگر تُو چاہتا ہے۔ مجھ پر رحم کر اگر تیرا منشا ہے۔ بلکہ نہایت یقین اور عزم کے ساتھ مانگے۔ اور اپنے آپ کو کامل طور پر خدا تعالےٰ کی رحمتوں کا محتاج سمجھے:۔

ایک دفعہ آپ نے فرمایا۔ دعاؤں میں جلدی نہیں کرنی چاہیئے۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ جلدی کے کیا معنے ہیں؟ آپ نے فرمایا۔ جلدی کے یہ معنے ہیں۔ کہ انسان کہے۔ قد دعوت و قد دعوت فلم ار یستجاب لی کہ میں نے اللہ تعالےٰ کو پکارا بہت پکارا مگر اس نے میری پکار کا کوئی جواب نہ دیا۔ ان اسرع الدعاء اجابۃً دعوت غائب لغائب۔ غائبانہ دُعا بہت جلد قبول ہوتی ہے۔ کلما دعا لاخیہ بخیر قال الملک الموکل بہ اٰمین ولک بمثل۔ جب انسان اپنے کسی بھائی کے لئے دُعا مانگتا ہے۔ تو فرشتے آمین کہتے ہیں۔ اور یہ بھی کہتے ہیں۔ کہ خدا تیری مُراد بھی پوری کرے۔ ایک حدیث میں آتا ہے۔ کہ لیسأل احدکم ربہٗ حاجتہ کلھا حتی یسئلہ شسع نعلہ اذا انقطع۔ کہ تم اپنی ہر چھوٹی بڑی حاجت خدا تعالےٰ سے مانگو۔ یہاں تک کہ اگر جوتی کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے۔ تو وُہ خدا سے ہی مانگو:۔

ایک دفعہ فرمایا۔ کہ اگر تمہیں اپنی ہنڈیا کے لئے نمک کی ضرورت ہو۔ تو وُہ بھی خدا تعالےٰ سے مانگو۔ ادعوا اللہ وانتم موقنون بالاجابۃ واعلموا ان اللّٰہ لا یستجیب دعاءً من قلب غافل لاہٍ۔ اللہ تعالےٰ سے ایسی حالت میں دُعا کرو۔ کہ تمہیں اجابت پر کامل یقین ہو۔ اور جان لو۔ کہ اللہ تعالےٰ غافل دل سے نکلی ہوئی دُعا نہیں سنتا۔ من سرّہٗ ان یستجیب اللّٰہ لہ عند الشدائد فلیکثر الدعاء فی الرخاء۔ جو شخص یہ چاہتا ہے۔ کہ خدا تعالےٰ مصائب کے وقت اس کی دستگیری کرے۔ اُسے چاہیئے۔ کہ آرام کی حالت میں خدا تعالےٰ سے دعائیں مانگنا اپنا شغل رکھے:۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں۔ کہ میں نے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایک دفعہ عمرہ کی اجازت طلب کی۔ تو آپ نے اجازت دیتے ہُوئے فرمایا۔ اشرکنا یا اخی فی دعائک ولا تنسنا۔ اے ہمارے بھائی۔ ہمیں بھی اپنی دُعاؤں میں یاد رکھنا۔ بھولنا نہیں۔ گویا دعائیں صرف خود ہی نہیں کرنی چاہئیں۔ بلکہ دوسروں کو بھی اپنے لئے دُعا کی تحریک کرتے رہنا چاہیئے۔ حضرت عمرؓ کا ہی قول ہے کہ دُعا زمین و آسمان کے درمیان روک لی جاتی ہے۔ اور آسمان پر نہیں چڑھتی جب تک انسان اپنے نبی پر درود نہ بھیجے۔

ایک دفعہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔ اذا قال العبد یا رب یا رب قال اللّٰہ لبیک عبدی سل تعطہ۔ یعنی جب بندہ اللہ تعالےٰ کو پکارتا اور کہتا ہے۔ اے میرے رب۔ اے میرے رب تو اللہ تعالےٰ کہتا ہے۔ میرے بندے مجھ سے مانگ کہ میں تجھے دوں گا:۔

بعض حدیثوں سے پتہ چلتا ہے۔ کہ ہاتھ اٹھا کر۔ اور ہتھیلیاں پھیلا کر خدا تعالےٰ کے حضور دُعا کی جائے۔ اور دُعا کے خاتمہ پر اپنے ہاتھ مونہہ پر پھیر لئے جائیں لیکن یاد رکھنا چاہیئے جو شخص گناہ کرتا ہے۔ یا اقارب سے اچھا سلوک نہیں کرتا۔ یا جلد بازی سے کام لینا چاہتا ہے۔ اس کی دُعا قبول نہیں ہوتی۔ دعا کرنے والے کو چاہیئے۔ کہ وُہ دعا کے وقت خصوصیت سے جسمانی غلاظتوں سے اپنے آپ کو پاک رکھے:۔

جماعت احمدیہ کے لئے موقعہ

غرض دعا ایک عجیب نعمت ہے یعنی کہ بسا اوقات عمر کو بھی دُعا بڑھا دیتی ہے اور قضا و قدر کو بھی ٹال دیتی ہے۔ چونکہ آج کل قریباً تمام قومیں دُعا کی حقیقت سے محروم ہیں۔ اس لئے دُعا کا میدان خالی ہے۔ جس پر احمدیوں کو پوری طرح قبضہ کرنا چاہیئے۔ اور وُہ شخص نہایت ہی خوش قسمت ہے۔ جو دُعاؤں میں لگا رہتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتا۔ لیکن دُعا جہاں اتنی ضروری چیز ہے وہاں اس سے بھی زیادہ ضروری بات یہ ہے۔ کہ دُعا نہایت تضرع سے کی جائے۔ ہاتھ اٹھا کر۔ ہاتھ باندھکر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ نہایت عاجزی سے۔ رو رو کر۔ بلک بلک کر زمین پر لوٹ لوٹ کر۔ پھر ادعیہ ماثورہ کے علاوہ اپنی زبان میں بھی دُعا مانگو۔ مگر رسمی نہیں۔ بلکہ اس طرح کہ تمہاری رُوح اور تمہارے جسم کا ذرہ ذرہ خدا تعالےٰ کی بارگاہ میں پگھل رہا ہو۔ تمہارے دلوں میں ایک طرف خدا تعالےٰ کی عظمت و ہیبت ہو۔ تو دوسری طرف اس کی رحمتوں اور اس کے بے انتہا فضلوں کو دیکھ کر پوری امید اور یقین ہو۔ یہ رُوح لے کر دُعا کرو۔ اور کبھی مایوس مت ہو۔ کیونکہ جو تھک جاتا ہے۔ وُہ محروم رہتا ہے۔ اور جو لگا رہتا ہے۔ وُہ کامیاب ہوجاتا ہے۔ ہاں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ انسان ایک امر کے لئے دعا کرتا ہے۔ مگر وہ دُعا اس کی اپنی ناواقفی اور نادانی کا نتیجہ ہوتی ہے۔ یعنی ایسا امر خدا تعالےٰ سے چاہتا ہے۔ جو اس کے لئے کسی صورت میں مفید اور نافع نہیں۔ ایسی صورت میں اللہ تعالےٰ اس کی دُعا کو تو رد نہیں کرتا۔ البتہ کسی اور صورت میں اسے پورا کر دیتا ہے:۔

قبولیتِ دُعا کے لئے ضروری امور

پھر یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ جیسے اللہ تعالےٰ اپنے بندوں کی ہزارہا دعائیں سُنتا ہے۔ باوجودیکہ انسان ایک ناچیز ہستی ہے۔ اسی طرح بندہ کو بھی چاہیئے۔ کہ خدا کی رضا پر راضی رہے۔ اور اس پر بدظن نہ ہو:۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حدیثوں میں آتا ہے۔ کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ہمارا رب ہر پچھلی رات سمار دنیا پر آتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کون ہے جو اس وقت مجھ سے مانگے۔ کہ میں اسے دوں۔ کون ہے جو مجھ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہے کہ میں اسے معاف کردوں۔ یہی وجہ ہے کہ صلحاء و اولیاء ہمیشہ پچھلی رات اٹھ کر تہجد پڑھتے اور اللہ تعالے کی عبادت بجالاتے ہیں۔ حضرت ابوالدرداء کی عادت تھی۔ کہ جب پچھلی رات عبادت کے لئے اٹھا کرتے تو بلند آواز سے کہتے نامت العیون وغارت النجوم وانت الحی القیوم کہ آنکھیں سو گئیں ستارے ڈوب گئے۔ مگر اے خدا تو زندہ اور قیوم ہے۔

(۱) دُعا کے وقت حضورِ قلب ہونا چاہیئے۔ یعنی ایسا نہ ہو کہ دل کہیں ہو اور مونہہ سے انسان یارب یارب کہہ رہا ہو۔

(۲) دعائیں ایسے الفاظ استعمال کئے جائیں۔ جو خدا تعالے کی رحمت کو جوش میں لائیں۔ جیسے کوئی شاعر خدا کو مخاطب کرکے کہتا ہے ؎

کہیں نہ کہہ دیں عدو دیکھ کر مجھے غمگیں
یہ اس کا بندہ ہے جسکو کریم کہتے ہیں

(۳) دعا سے پہلے ہوسکے تو کچھ صدقہ دیں۔ تا عاجزوں کی دعائیں بھی تمہارے لئے بلند ہوں۔

(۴) دُعا کے وقت آواز دھیمی مگر ایسے سوز اور درد بھری ہوئی ہو۔ جیسے دردِ زہ سے عورت چلاتی ہے۔

(۵) کسی گناہ کے لئے دُعا نہیں کرنی چاہیئے۔ مثلاً یہ کہ فلاں مال جو کسی دوسرے کا حق ہے۔ مجھے مل جائے۔ خدا تعالے سے ایسی دعا مانگنا بہت بڑا گناہ ہے۔

(۶) مشکلات اور مصائب سے گھبرا کر اپنی موت کی دُعا کرنا سخت منع ہے۔

(۷) اپنی جان اپنی اولاد اور اپنے اموال کے متعلق بد دعائیں نہ کرو حتیٰ کہ نوکروں کو بھی بد دُعائیں نہ دو۔

(۸) جو شخص بحالت کفر و شرک مر جائے اس کے لئے مغفرت کی دُعا مانگنا منع ہے ؛

(۹) دعا میں وسعت ہونی چاہیئے۔ یہ نہیں کہنا چاہیئے کہ اے میرے مولا مجھ پر ہی رحم کر۔ کیونکہ یہ رحمتی وسعت کل شیٔ کے خلاف ہے ایک دفعہ ایک اعرابی نے یہ دُعا کی کہ اے خدا مجھ پر اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحم کر اور کسی پر رحم نہ کر۔ رسولِ کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے سنا تو فرمایا اے شخص تو نے ایک وسیع چیز کو محدود کردیا۔

دُعا قبول ہونے میں روکیں

دُعا کی قبولیت میں جو روک پیدا کرنے والی چیزیں ہیں۔ وہ حسب ذیل ہیں :-

(۱) حدیث میں آتا ہے۔ اس شخص کی دعا کیا قبول ہو جو ہاتھ اٹھائے یارب یارب کررہا ہے۔ مگر اس کا کھانا اور پینا اور لباس حرام ہے۔ گویا خوراک اور پوشاک کا حرام ہونا بھی مانع استجابت دُعا ہے۔

(۲) باوجود تہیاء اسباب محض کسل کی وجہ سے اسباب سے کام نہ لینا اور دعا کرتے جانا یہ بھی درست نہیں۔

(۳) خدا تعالے کے مامورین جن مقاصد عالیہ کو سرانجام دینے کے لئے آتے ہیں۔ ان کے خلاف بھی دُعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقابلہ میں معاندین کی دعاؤں کا انجام ہوا۔ آپ خود فرماتے ہیں ؎

بعضوں کو بد دعا میں بھی تھا ایک انہماک
اتنی دعا کہ گھس گئی سجدے میں ان کی ناک
القصہ جہد کی نہ رہی کچھ بھی انتہا
اک سو تھا مگر ایک طرف سجدۂ دعا
آخر خدا نے دی مجھے اس آگ سے نجات
دشمن تھے جتنے ان کی طرف کی نہ التفات

قبولیتِ دُعا کے اوقات

وہ اوقات جن میں خصوصیت سے دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ یہ ہیں

(۱) نمازوں میں (۲) رمضان کے مہینہ میں (۳) جمعہ کے دن (۴) حج والے دن ظہر کے بعد تا بیدان عرفات میں دعائیں کرنے والوں کے ساتھ دعا مل کر قبول ہو جائے۔ (۵) پچھلی رات (۶) مینہ برستے وقت (۷) مسجد جاتے ہوئے۔ (۸) اذان کے وقت (۹) رات جب سوتے ہوئے آنکھ کھلے (۱۰) قرآن مجید پڑھ کر یا سنکر (۱۱) جب کسی مومن کی جان نکلنے لگے۔ کیونکہ وہ وقت رقت اور نزولِ ملائکہ رحمت کا ہوتا ہے۔ (۱۲) سجدے میں (۱۳) روزہ کھولتے وقت (۱۴) جب قلب میں رقت پیدا ہو۔ اور طبیعت میں اضطراب و اضطرار سوجزن ہو ؛

دُعا کے متعلق حضرت مسیح موعودؑ کی ایک تحریر

بالآخر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک تحریر پر اس مضمون کو ختم کیا جاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں

"جب تو دُعا کے لئے کھڑا ہو تو تجھے لازم ہے کہ یہ یقین رکھے کہ تیرا خدا ہر ایک چیز پر قادر ہے تب تیری دُعا منظور ہوگی۔ اور تو خدا کی قدرت کے وہ عجائبات دیکھے گا۔ جو ہم نے دیکھے ہیں۔ اور ہماری گواہی رویت سے ہے نہ بطور قصہ کے۔ اس شخص کی دُعا کیونکر منظور ہو۔ اور خود کیونکر اس کو بڑی مشکلات کے وقت جو اس کے نزدیک قانون قدرت کے مخالف ہیں دُعا کرنے کا حوصلہ پڑے جو خدا کو ہر ایک چیز پر قادر نہیں سمجھتا مگر اے سعید انسان تو ایسا مت کر تیرا خدا وہ خدا ہے جس نے بے شمار ستاروں کو بغیر ستون کے لٹکا دیا۔ اور جس نے زمین و آسمان کو محض عدم سے پیدا کیا۔ کیا تو اس پر بدظنی رکھتا ہے۔ کہ وہ تیرے کام میں عاجز آئیگا بلکہ تیری ہی بدظنی تجھے محروم رکھے گی۔ ہمارے خدا میں بے شمار عجائبات ہیں۔ مگر وہی دیکھتے ہیں جو صدق اور وفا سے اس کے ہوگئے ہیں۔ وہ غیروں پر جو اس کی قدرتوں پر یقین نہیں رکھتے۔ اور اس کے صادق وفادار نہیں ہیں۔ وہ عجائبات ظاہر نہیں کرتا۔ کیا بدبخت وہ انسان ہے جس کو اب تک یہ پتہ نہیں۔ کہ اس کا ایک خدا ہے۔ جو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے ہماری اعلےٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں۔ کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا۔ اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے۔ اگرچہ جان دینے سے ملے۔ اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے۔ اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کریگا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائیگا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھادوں۔ کس دف سے میں بازاروں میں منادی کروں۔ کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں۔ اور کس دوا سے میں علاج کروں۔ تا سننے کے لئے لوگوں کے کان کھلیں اگر تم خدا کے ہو جاؤگے۔ تو یقیناً سمجھو کہ خدا تمہارا ہی ہے۔ تم سوئے ہوئے ہوگے اور خدا تعالے تمہارے لئے جاگے گا۔ تم دشمن سے غافل ہوگے اور خدا اسے دیکھیگا۔ اور اس کے منصوبے کو توڑے گا۔ تم ابھی تک نہیں جانتے کہ تمہارے خدا میں کیا کیا قدرتیں ہیں۔ اور اگر تم جانتے تو تم پر کوئی ایسا دن نہ آتا کہ تم دنیا کے لئے سخت غمگین ہوجاتے۔ ایک شخص جو ایک خزانہ اپنے پاس رکھتا ہے۔ کیا وہ ایک پیسہ کے ضائع ہونے سے روتا ہے۔ اور چیخیں مارتا ہے۔ اور ہلاک ہونے لگتا ہے۔ پھر اگر تم کو اس خزانہ کی اطلاع ہوتی۔ کہ خدا تمہارا ہر ایک حاجت کے وقت کام آنے والا ہے تو تم دنیا کے لئے ایسے بے خود کیوں ہو

287
Digitized by Khilafat Library Rabwah

اہم ملکی واقعات

اقلیتوں کا تحفظ اور ڈاکٹر گوپی چند

۱۹ مئی کو آل انڈیا کھتری کانفرنس کے وفد کے جواب میں تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم پنجاب نے کہا تھا۔ کہ جب تک عوام کے نمائندے جن کے ہاتھ میں صوبہ کی حکومت کی باگ ڈور دی گئی ہے۔ تنظیم ونسق کے امور کو بیدار مغزی محنت اور غیر جانبداری سے انجام دیتے رہیں گے۔ گورنروں کی طرف سے مداخلت کا اندیشہ نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے ساتھ ہی اقلیتوں کے متعلق کانگرس کے رویہ کے ذکر میں بتایا تھا۔ کہ کانگرس اقلیتوں کو ان کے تحفظ کا کوئی یقین نہ دلا کر سیاسی اچھوت بنانا چاہتی ہے۔

پنجاب کی کانگرس پارٹی کے لیڈر ڈاکٹر گوپی چند نے سر سکندر حیات خان کے ان حقائق کے جواب میں ایک بیان شائع کرایا ہے۔ جس میں سر سکندر حیات خان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے۔ "وہ کیوں یہ چاہتے ہیں۔ کہ اقلیتوں کے مفاد کے تحفظ کا اختیار حکومت یا کوئی تیسری پارٹی استعمال کرے کیا وہ اس بات پر یقین نہیں رکھتے۔ کہ اکثریت اس وقت تک حکومت نہیں کر سکتی۔ جب تک اقلیتیں مطمئن نہ ہوں"۔

اس کے متعلق گزارش یہ ہے۔ کہ جب کانگرس سمجھتی ہے۔ کہ اکثریت اقلیت کو مطمئن کئے بغیر حکومت نہیں کر سکتی۔ تو پھر کیا وجہ ہے۔ کہ وہ اقلیتوں کو ان کے تحفظ کا یقین دلانے سے پہلو تہی کر رہی ہے۔ اگر کانگرس اقلیتوں کو ان کے حقوق کے تحفظ کا اطمینان دلا دے۔ تو وہ یقیناً گورنروں کے اختیارات کی موید نہیں رہیں گی۔ وہ صرف اس لئے گورنروں کے اختیارات پر زور دے رہی ہیں کہ کانگرس انہیں کسی قسم کا اطمینان دلانے کے لئے تیار نہیں۔ ان حالات میں ظاہر ہے۔ کہ قصوروار کانگرس ہے نہ اقلیتیں۔

پنجاب کے نظام تعلیم میں تبدیلیاں

ایسوشی ایٹڈ پریس نے اطلاع دی ہے۔ کہ حکومت پنجاب پرائمری تعلیم کے متعلق قانون میں ایک ایسی ترمیم کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے۔ کہ لازمی تعلیم کا نصاب چار سال کی بجائے پانچ سال کا کر دیا جائے۔ کیونکہ طلبار چار سال کے عرصہ میں اتنی تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ جتنی ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔ قانون تعلیم میں ایک ترمیم ایسی بھی کی جائے گی۔ جس سے بوقت ضرورت لڑکیوں کو بھی جبری تعلیم دی جا سکے۔ مجوزہ ترمیم میں اس بات کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے۔ کہ جب ایک لڑکا کسی سکول میں داخل ہو۔ تو اسے اس وقت تک لازمی طور پر تعلیم حاصل کرنا پڑے گی۔ جب تک وہ پرائمری تعلیم کا نصاب ختم نہ کرلے پنجاب کے پرائمری نظام تعلیم میں یہ تبدیلیاں آج سے بہت پیشتر عمل میں آجانی چاہیئے تھیں۔ موجودہ حالات میں پنجاب میں پرائمری تعلیم پر جس قدر روپیہ صرف ہو رہا ہے۔ وہ کوئی مفید نتیجہ نہیں پیدا کر رہا۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کرنے والے طلبار کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اول تو ان کی بہت بڑی تعداد چار سالہ نصاب ختم کرنے سے پہلے ہی سکول کو خیرباد کہہ دیتی ہے۔ دوسرے جو طلبار پرائمری تک تعلیم حاصل کر کے سکول چھوڑ دیتے ہیں۔ وہ بہت تھوڑے عرصہ میں اس معمولی سی تعلیم کو فراموش کر دیتے ہیں۔ اور جاہل کے جاہل رہتے ہیں۔ وزیر تعلیم پنجاب پبلک کے بہت ہی شکریہ کے مستحق ہوں گے۔ اگر وہ تعلیم کے متعلق ایسی تبدیلیاں کریں گے۔ جو مفید ثابت ہو سکیں۔

فرقہ وار فسادات کے متعلق ایک حیرت انگیز انکشاف

سراج گنج (بنگال) سے آمدہ بعض اطلاعات سے پایا جاتا ہے۔ کہ ضلع پبنہ میں مورتیوں کی بے حرمتی کے پے درپے کئی ایک واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ بادی النظر میں ایسے واقعات کو دیکھ کر یہی خیال کیا جاتا ہے۔ کہ اس قسم کے افعال کسی دوسرے مذہب کے لوگ ہی کرتے ہونگے۔ لیکن حکومت بنگال کے اس انکشاف سے ہماری حیرت کی کوئی حد نہ رہی۔ کہ اس قسم کے واقعات ان شرارت پسند ہندوؤں کی حرکات ہیں۔ جو فرقہ وار فسادات کرانا اپنی مجرمانہ ذہنیت کو چاہتے ہیں۔ حکومت نے سراج گنج کے ان واقعات کے بارے میں جو بیان شائع کیا ہے۔ اس میں بتایا ہے۔ کہ یہ واقعات ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی کشیدہ تعلقات کا نتیجہ نہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب علے الاعلان ان کے متعلق کہہ چکے ہیں۔ کہ انہیں مسلمانوں یا کسی دوسرے مذہب کے لوگوں کی طرف منسوب نہیں کیا جاسکتا گویا مورتیوں کی تحقیر و تذلیل کا ارتکاب انہی لوگوں نے کیا۔ جو مورتیوں کے معتقد اور مورتی پوجا کے حامی ہیں۔ اور اس لئے کیا۔ کہ ہندو مسلمانوں میں فساد پیدا ہو۔ حکومت بنگال نے اس نتیجہ کا اعلان کر کے پبلک کو ایک ایسے خطرہ سے آگاہ کیا ہے۔ جو نہ معلوم اس وقت تک کس قدر نقصان پہنچا چکا۔ اور کتنی دفعہ نہایت بھیانک شکل میں ظاہر ہو چکا ہے۔ اس بارے میں آئندہ جہاں ہر صوبہ کی حکومتوں کو پوری احتیاط اور ہوشیاری دکھانی چاہیئے۔ وہاں پبلک کو بھی چاہیئے۔ کہ کسی واقعہ کے رونما ہونے پر فوراً بھڑک نہ اٹھے۔ اور اندھا دھند فرقہ وارانہ فساد شروع کر کے ایک دوسرے کو مارنا پیٹنا نہ شروع کردے۔ بلکہ تحمل اور برداشت سے کام لے۔ رونما ہونے والے حادثہ کی غیر جانبدارانہ تحقیق کی جائے۔ اور پھر جو قصوروار ثابت ہو۔ اسے عبرتناک سزا دلائی جائے

میک ورکس قادیان

میں ایک خرادی کی ضرورت ہے۔ جو لکڑی کی دستی اور پاور کی خراد پر علاوہ خراد کے لاکھ کار وغیرہ کام بھی خوب کر سکتا ہو۔ ایک نکل پلیٹنگ کا کام جاننے والے کی بھی ضرورت ہے۔ جو علاوہ نکل پلیٹنگ کے عام لوہارہ کام بھی کر سکتا ہو۔ ٹھیکہ پر کام کرنا ہوگا۔ جلدی خط وکتابت کے ذریعہ یا بالمشافہ ملکر فیصلہ کر لیا جائے
مینجر

ہسٹیریا کا مکمل علاج

زبدۃ الحکما علامہ حکیم ڈاکٹر فیضی صاحب احمدی میڈیکل پریکٹیشنر اینڈ سرجن نجیب آبادی کی راحت جان گولیاں عورتوں اور مردوں کے مرض ہسٹیریا میں ہر عمر ہر مزاج اور ہر موسم میں یکساں طور پر فائدہ مند ہیں۔ دل و دماغ۔ جگر معدہ اور امعاء کو تقویت دیتی ہیں۔ اختلاج القلب کابوس اور مراق میں ازبس مفید ہیں۔ فی شیشی ۲ ملنے کا پتہ:۔ مینجر ایم وائی فیضی اینڈ کمپنی کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹس عزیز منزل فلیمنگ روڈ۔ لاہور

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مشرقی افریقہ میں تبلیغ احمدیت

ایک احمدی مجاہد کی تبلیغی رپورٹ بابت ماہ اپریل ۳۷ء

ملاقاتیں

عرصہ زیر رپورٹ میں ۴۵ ملاقاتیں ہندوستانی۔ یورپین۔ افریقن عیسائیوں اور مسلمانوں سے کی گئیں۔ تبلیغی ملاقاتوں میں علاوہ زبانی گفتگو و تبلیغ کے سلسلہ کا لٹریچر علی الخصوص مسلمان و عیسائی افریقن کو دیا گیا۔ بعض یورپین آفیسرز کو ہمارے متعلق غلط حالات بتائے گئے تھے۔ انہیں اصل حالات سے واقف کرتے ہوئے بتایا گیا۔ کہ احمدیہ جماعت ہی ایک ایسی جماعت ہے جو اسلام کے ارکان کی پابند اور امن سلامتی کے ساتھ تبلیغ کرنا اپنا فرض سمجھتی ہے۔

مطبوعات جدیدہ

اس عرصہ میں رسالہ سواحیلی Mapenziya Muungu کا مارچ نمبر دو ہزار کی تعداد میں شائع کیا گیا ہے۔ اور حسب ذیل مضامین اس میں شائع کئے گئے ہیں۔

(الف) قرآن مجید کی چند آیات کا سواحیلی میں ترجمہ (ب) احادیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم (ج) مسیح علیہ السلام خدا نہ تھے! (د) کیا کوئی خالص عیسائی دنیا میں ہے؟ (س) کیا اسلام تلوار کے زور سے پھیلا؟ (ز) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس تعلیم (ص) حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی مدح میں نظم از ناجم ابن سالم۔

علاوہ ازیں اپریل و مئی نمبر کا ایک پرچہ اکٹھا اس ماہ میں شائع کیا گیا ہے۔ یہ بھی دو ہزار کی تعداد میں چھپایا گیا۔ اس نمبر میں حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر کے متعلق ایک مفصل مضمون مع قبر مسیح کے فوٹو کے شائع کیا گیا ہے مزید برآں دو پمفلٹ انگریزی و گجراتی زبان میں شائع کرنے کے لئے اس عرصہ میں پریس بھیجے گئے ہیں۔ ایک عیسائیوں میں تبلیغ کے لئے اور دوسرا ہندوؤں کے لئے۔

تقسیم لٹریچر

اس عرصہ میں رسالہ سواحیلی کا مارچ نمبر نیروبی دارالسلام اور ٹبورا کے مرکزوں سے مختلف شہروں دیہاتوں اور قصبات میں تقسیم کرنے کے علاوہ گورنمنٹ سکول کے لڑکوں اور ریلوے کے افریقن سٹاف میں بذریعہ ڈاک اور دستی طور پر تقسیم کیا گیا۔ علاوہ ازیں مسلم ٹائمز لنڈن اور ریویو انگریزی کے متعدد پرچے گورنمنٹ سنٹرل سکول کے سٹاف اور بڑے لڑکوں میں تقسیم کئے گئے۔ اور مختلف شہروں میں ہندوستانی معززین کو انگریزی اور اردو کے تبلیغی اشتہارات بذریعہ ڈاک بھجوائے گئے

خط و کتابت

عرصہ زیر رپورٹ میں ۶۰ خطوط بذریعہ ڈاک روانہ کرنے پڑے ان میں سے اکثر خطوط مرکز اور مشرقی افریقہ کی جماعتوں اور مختلف اصحاب کو مقامات کے حالات کے متعلق لکھے گئے۔ اور کئی ایک خطوط جواباً لکھنے پڑے۔ چند خطوط تبلیغی رپورٹ کے سلسلہ میں لکھے۔ اور کچھ خطوط غیر احمدیوں کے پراپیگنڈا کے جواب میں نو احمدیوں کو لکھے گئے اور اعتراضات کے جوابات لکھ کر بھیجے گئے۔

درس و تدریس

نیروبی سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں۔ کہ مکرم سید محمود اللہ شاہ صاحب اس عرصہ میں ہر ہفتہ کے دن قرآن مجید کا درس احمدیہ مسجد میں باقاعدہ دیتے رہے اور روزانہ بعد نماز مغرب تذکرہ کا درس دینے کے علاوہ خواتین میں بھی درس کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ خاکسار ٹبورا میں درس دیتا رہا اور اس عرصہ میں ۱۴ دن قرآن مجید کا درس اور ۱۴ دن حدیث کے درس کے علاوہ بعد نماز فجر ۲۲ دن تک حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب آئینہ کمالات اسلام۔ ازالہ اوہام کے خاص خاص حصے سنانے کے علاوہ کشتی نوح کا درس دیا۔

ماہوار رسالہ کے لئے مضامین

عرصہ زیر رپورٹ میں سواحیلی ماہوار رسالہ کے جون نمبر کے لئے آٹھ مضمون تیار کئے گئے۔ مزید برآں اس عرصہ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے قرآن مجید کے پہلے سپارہ کا سواحیلی ترجمہ ختم ہوا۔ الحمد للہ۔

بچوں کی تعلیم

(الف) گورنمنٹ افریقن سنٹرل سکول میں اس ماہ چھ مرتبہ پڑھانے کے لئے گیا۔ اور مختلف مضامین پر لیکچر دیئے۔ مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبی کس قسم کے آسکتے ہیں۔ مشرقی افریقہ میں کب اسلام داخل ہوا۔ اور دیگر اہم واقعات اسلامی تاریخ کے بیان کئے گئے۔

(ب) قیدیوں کی تعلیم کا انتظام اب اس طرح کر دیا ہے۔ کہ افریقن قیدیوں کو شیخ صالح جا کر پڑھاتے اور ان میں لیکچر دیتے ہیں۔ اور ہندوستانیوں کو خاکسار۔ اس عرصہ میں چار مرتبہ لیکچر دیئے گئے۔ ایک آیت دار کو شیخ صالح صاحب مجھ سے پہلے چلے گئے۔ میں بعد میں پہنچا تو دیکھا کہ ہندوستانی قیدیوں میں سے ایک افریقن قیدیوں کو تبلیغ کر رہا ہے۔ اور لیکچر دے رہا ہے۔ کہ اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت احمد علیہ السلام کو قادیان میں مبعوث کیا ہے اور گذشتہ تیرہ صدیوں میں وہ اپنی طرف سے مجدد مبعوث کرتا رہا ہے۔ اگر اس زمانہ کے امام کو نہ مانیں تو پھر کسے مانیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے ان کے دلوں میں احمدیت کی محبت پیدا ہو چکی ہے اللہ تعالیٰ انہیں احمدیت کے نور سے منور فرمائے۔

(ج) زکریا جو یوگنڈا سے میرے ساتھ آیا تھا اس ماہ اسے کوئی نیا سبق سوائے اس کے نہیں دیا گیا۔ کہ قرآن مجید کی وہ آیات جن سے وفات مسیح اور نبوت وغیرہ مسائل ثابت ہوتے ہیں اسے بتائی گئیں اور موٹے موٹے مسائل۔ اور گذشتہ اسباق یاد کرتا رہا۔ مقدمہ کا فیصلہ ۱۶ اپریل کو ہوا۔ اور اس کے بعد زکریا نے مجھ سے کہا کہ وہ بیعت کرنا چاہتا ہے۔ میں نے زکریا کو تمام حالات بتائے۔ کہ احمدیت سچا اسلام اور محض صداقت ہے لیکن قبول کرنے پر مشکلات سے دوچار ہونا لازمی ہے اس نے کہا کہ میں نے سب حالات کا خوب مطالعہ کیا ہے اور مجھے کافی عرصہ آپ کے پاس رہنے کا موقعہ ملا ہے اور میں نے حالات کو دیکھا اور سچا اسلام احمدیت میں ہی پایا۔ اس لئے حضور میری بیعت لی جائے۔ چنانچہ بیعت فارم پر کر دیا۔ پھر اس نے ایک خط بھی حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کے حضور لکھا ہے جو نہایت مخلصانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ عزیز موصوف کو استقامت عطا فرمائے۔ آمین یوگنڈا میں مختلف اقوام آباد ہیں جو اردگرد کے علاقوں سے آکر وہاں بس گئی ہیں اصل باشندے جو گنڈا کہلاتے ہیں ان میں سے سب سے پہلا احمدی زکریا ہے۔

احمدیہ مسلم سکول ٹبورا

خدا کے فضل سے حسب دستور سکول باقاعدگی سے چل رہا ہے۔ اور لڑکوں کی حاضری قابل اطمینان ہے۔ مقدمات اور مخالفت کی وجہ سے مجھے اندیشہ تھا کہ سکول کی حاضری پر اثر پڑے۔ مگر خدا کے فضل سے سکول کے لڑکوں کی حاضری پر کوئی اثر نہیں سکول کی نگرانی کے علاوہ اس عرصہ میں مجھے خود بھی معلم ناجم بن سالم کے چند دن نہ آسکنے کی وجہ سے پڑھانا پڑا۔ رومن کیتھولک مشن والے اندر اندر رشتہ ارت کر ...

قانون معاشرت

معاشرت پر مفصل و مکمل نہایت مستند

قیمت چار آنے علاوہ محصولڈاک

کتب کی فہرست اور ریویو مفت طلب کریں

پتہ: امیر الاطباء ڈاکٹر فضل مبین محلہ دگرانی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ڈیرہ غازی خان اور مظفر گڑھ میں تحریک امداد باہمی کی رفتار ترقی

صوبہ پنجاب میں مظفر گڑھ تعلیمی اور مالی حالت کے لحاظ سے بہت پسماندہ ہے۔ زمینداروں کے محنتی نہ ہونے کی وجہ سے افلاس عام ہے۔ زراعت کا انحصار موسمی انہار پر ہے۔ جن سے آبپاشی یقینی نہ ہونے کی وجہ سے بسا اوقات فصلیں خراب ہو جاتی ہیں۔ زمیندار بیج کے لئے ۲۵ فی صدی سے ۵۰ فی صدی شرح سود پر جنس کی شکل میں قرضہ لیتے ہیں۔ جو چھ ماہ کے بعد ادا کرنا ہوتا ہے۔ اس بھاری شرح سود کا لازمی نتیجہ مقروضیت ہے۔ جس سے زمیندار مخلصی حاصل کرنے کا خواب بھی نہیں دیکھ سکتا۔ محکمہ انجمن ہائے امداد باہمی نے اس مقروضیت کے نہایت اہم مسئلہ کے حل کرنے کے لئے قدم اٹھایا اور پہلے پہل انجمنہائے امداد باہمی قرضہ دیہات میں جاری کیں۔ لیکن ان انجمنوں کو اس علاقہ میں مقروضیت زیادہ ہونے کی وجہ سے متوقع کامیابی حاصل نہ ہو سکی بنابریں کوشش کی گئی۔ کہ امداد باہمی کے ذریعہ دیگر ایسے وسائل مہیا کئے جائیں جن سے زمیندار اپنی آمدنی بڑھا سکے اور وہ تمام قباحتیں جو اس کی زندگی اور کاشتکاری میں نقصان کا باعث ہیں۔ ان کو رفع یا کم کیا جا سکے غلہ کی انجمنوں کا اجرا اس کے لئے زیادہ مفید سمجھا گیا۔ چنانچہ اسوقت غلہ کی انجمنوں کی تعداد ۸۰ ہے ان میں بعض ممبران علاوہ غلہ کے نقدی بھی دیتے ہیں۔ قرضہ کی انجمنوں میں بھی غلہ اکٹھا کرنے کی سعی کی جاتی ہے زمیندار کی مالی حالت کو بہتر بنانے کے لئے محکمہ نے جو دوسرا طریقہ اختیار کیا۔ وہ پھل دار درختوں کی کاشت کو ترقی دینا ہے۔ مظفر گڑھ کے آم سارے صوبہ پنجاب میں مشہور ہیں۔ آم کے درختوں کی پرورش سے آمدنی میں کافی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۳ء سے محکمہ نے اس کام کی طرف خاص توجہ دے رکھی ہے۔ اس وقت ۱۲ انجمنیں ہیں جن کے ۱۸۰ ممبران ہیں۔ اور انہوں نے علاوہ ذخیرے لگانے کے ۹۰۰ آموں کے درخت لگائے ہوئے ہیں۔ درختوں کی تعداد اس سے کہیں زیادہ تھی۔ لیکن ۱۹۳۴ء میں بہت سے درخت شدید سردی کی وجہ سے تلف ہو گئے۔ درختوں کی کاشت اور نگہداشت میں گورنمنٹ پنجاب کے باغوں کے ماہر خاص سے مشورہ حاصل کیا جاتا ہے۔ نیز زمینداروں کو باغات کی کاشت کے متعلق تعلیم دینے کے لئے ۱۹۳۳ء میں ایک کلاس قائم کی گئی تھی۔ تاکہ وہ درست طریقہ پر باغات لگانے کے کام کو سمجھ سکیں۔ ڈسٹرکٹ بورڈ مظفر گڑھ نے بھی اپنے باغات میں سے اچھی قسم کے آموں کی گٹھلیاں مہیا کرنے میں کافی امداد کی نیز پیوندشدہ پودوں کو کم قیمت پر ممبران انجمن کو مہیا کرنے کا وعدہ کیا۔ اگر یہ کام اسی رفتار سے جاری رہا تو اس ضلع میں آم کے درختوں کی کاشت میں بہت ترقی ہو گی اور زمینداروں کے لئے اچھی خاصی آمدنی کا ذریعہ ہو گی۔

علاوہ ازیں انجمن ہائے اصلاح دیہات نہایت اچھا کام کر رہی ہیں۔ دیہات سدھار کے پروگرام کو ان انجمنوں کے ذریعہ عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ گذشتہ سال میں اس قسم کی انجمنیں جاری ہوئیں۔ جن میں سے اکثر انجمنوں میں تعداد ممبران ایک سو تک ہے۔ اور ان میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ انجمنیں عام لوگوں کے لئے بہت مفید ثابت ہو رہی ہے۔ چند ایک نے لڑکے اور لڑکیوں کو اکٹھی تعلیم دینے کی سکیم پر عمل شروع کر دیا ہے۔ ساتھ ہی یہ انجمنیں کاشتکار ممبران پر زور دیتی ہیں۔ کہ وہ ترقی یافتہ بیج کاشت کریں ممبران کے اخلاق کو درست کرنا اور انکی آمدنی کا صحیح مصرف معلوم کرنا ان انجمنوں کی غرض اولین ہے۔ گذشتہ موسم کاشت پر تقریباً ۵۰۰ من اعلیٰ قسم کا گندم زمینداروں کو دیا گیا۔ حالانکہ اس سے پہلے سال صرف ۱۵۰ من دیا جا سکا تھا۔ ترقی نسل مواشی کی انجمنیں بھی قائم کیگئی ہیں تاکہ زمینداروں کے جانوروں کی نسل کو بہتر بنایا جائے۔ اور جو نقصان ناقص قسم کے جانور پالنے سے ہو رہا ہے۔ اسکا سدباب کیا جائے ساتھ ہی اسکے داجل نسل جو مقامی اعلیٰ نسل ہے۔ اسے محفوظ کیا جائے تاکہ وہ خراب ہونے سے بچ جائے اور معدوم نہ ہو جائے۔ مظفر گڑھ میں اس وقت ترقی نسل مواشی کی تین انجمنیں ہیں۔ اور ڈیرہ غازی خان میں ان انجمنوں کے لئے کافی وسیع میدان ہے۔ علاوہ ازیں بھیڑیں اور خچر پالنے کی انجمنیں جاری کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ اور بہت حد تک ابتدائی مراحل طے ہو چکے ہیں۔ اس قسم کی انجمنیں بھی کافی مفید ثابت ہوں گی۔

اسوقت دونوں ضلعوں مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازیخان میں انجمن ہائے امداد باہمی کی تعداد ۷۶۵ ہے۔ گزشتہ پانچ سالوں میں ۲۰۰ کے قریب نئی انجمنیں قائم کی گئی ہیں۔ کام کی اگر یہی رفتار رہی تو وہ دن دور نہیں۔ جب یہ دونوں اضلاع تحریک مذکور کی بدولت کافی ترقی کرتے نظر آئیں گے

از محکمہ اطلاعات پنجاب

تحریک جدید کا ایک اہم مطالبہ

